مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

# Maulana Azad National Urdu University

## B.A. (4 Year) VI Semester Examinations- Apr/May-2026

Paper Title: **URDU FICTION-II** Paper Code: **BNUR601DCT**

**پرچہ: اردو فکشن-II (افسانہ، ڈراما)**

گھنٹے **3** Hrs : وقت : Time — Maximum. Marks **70 :** جملہ نشانات

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات (3) حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں (10) لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے (1) نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں (8) سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی (5) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (6) نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں (5) سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی (3) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (10) نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

**سوال : 1**

(i) افسانہ ''نیا قانون'' کے مرکزی کردار کا نام بتایئے؟

(a) نتھو گنجا (b) گاما چودھری (c) دینو حلوائی (d) منگو کوچوان

(ii) ''وحدت تاثر'' کس صنف کے لیے ضروری ہے؟

(a) ناول (b) ڈراما (c) افسانہ (d) داستان

(iii) ان میں سے کون سا ڈراما حبیب تنویر کا ہے؟

(a) نقل مکانی (b) چرن داس چور (c) یہودی کی لڑکی (d) اندر سبھا

(iv) افسانہ ''گرم کوٹ'' میں شمی نے کوٹ کا کپڑا کتنے روپے میں خریدا؟

(a) دس روپیہ (b) بارہ روپیہ (c) تیرہ روپیہ (d) پندرہ روپیہ

(v) اقبال متین کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(a) حیدرآباد (b) ممبئ (c) دہلی (d) لکھنو

(vi) بیدی کے پہلے افسانوی مجموعے کا نام کیا ہے؟

(a) ہاتھ ہمارے قلم ہوئے (b) گرہن (c) دانہ و دام (d) کوکھ جلی

(vii) ''اردو ڈراما کی تاریخ و تنقید'' کس کی کتاب ہے؟

(a) خلیق انجم (b) وقار عظیم (c) عشرت رحمانی (d) ابن کنول

(viii) ڈراما اندر سبھا میں شہزادہ گلفام پر کون سی پری عاشق ہوئی ہے؟

(a) سبز پری (b) نیلم پری (c) لال پری (d) پکھراج پری

(ix) ڈراما انارکلی میں کل کتنے مناظر ہیں؟

(a) سات مناظر (b) سولہ مناظر (c) دس مناظر (d) تیرہ مناظر

(x) ڈراما ''آگرہ بازار'' کس شاعر کی زندگی پر مبنی ہے؟

(a) میر تقی میر (b) مرزا غالب (c) علامہ اقبال (d) نظیر اکبر آبادی

## حصہ دوم

2. افسانے کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی پر روشنی ڈالیے؟

3. منٹو کی افسانہ نگاری پر ایک نوٹ تحریر کیجیے۔

4. افسانہ نیا قانون کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیجیے۔

5. بیدی کی افسانہ نگاری پر تبصرہ کیجیے۔

6. افسانہ ''گرم کوٹ'' کا خلاصہ بیان کیجیے۔

7. ڈراما ''اندر سبھا'' سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

8. ڈراما ''انارکلی'' کا خلاصہ بیان کیجیے۔

9. ڈراما ''یہودی کی لڑکی'' کے ایکٹ اور مناظر کا ذکر کیجیے۔

## حصہ سوم

10. افسانہ ''شعلہ پوش'' کی روشنی میں اقبال متین کی افسانہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔

11. مشرق و مغرب کے ڈراموں کا ارتقائی تعارف پیش کیجیے۔

12. ڈرامے کے فن پر ایک مفصل نوٹ لکھیے۔

13. افسانے اور ڈرامے کے درمیان فرق کو مثالوں سے واضح کیجیے۔

14. افسانے کے آغاز و ارتقاء پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆